Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 5 Preparation

Q1. بجلی کے حادثے کے بارے میں حفاظتی تدابیر لکھیں.

Ans 1: بجلی کے حادثے ایسے حادثے ایسے حادثے ہیں جو اکثر جان لیوا ثابت ہوتے ہیں. ان کی طرف توجہ دینا ضروری ہے. اگر بجلی کے تار ٹوٹے ہوئے تو انہیں درست کریں.ٹوٹے ہوئے پلک کا استعمال بھی نہ کریں.

Q2. جدید دور میں پیداوار کے اضافے کے لیےکون کون سے نقصان دہ اشیاء استعمال ہوتی ہیں.

Ans 1: 1.نائٹروجن اور نائٹریٹ والی مصنوعی کھادیں. 2.پانی کا بے دریغ استعمال 3.کیڑے مکوڑے اور جڑی بوٹیوں کو تلف کرنے کے لیے زہریلی ادویات.

Q3. کوڑا کرکٹ جلانےکے بعد کس کام آتا ہے؟

Ans 1: کوڑا جلانے سے نامیاتی مادے جل کر کاربن ڈائی آکسائیڈ اور نائٹروجن میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور معدنی مادے باقی رہ جاتے ہیں.جو سڑکیں تعمیر کرنے، گڑھے بھرنے،اور سیمنٹ بنانے میںکام آتے ہیں. مویشیوں کی غلاظت کھاد میں استعمال ہوتی ہے.

Q4. آلودگی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ماحول میں کسی غیر ضروری چیز کا اضافہ آلودگی پیدا کرنے کا سبب بنتاہے.

Q5. فاضل مواد کسے کہتے ہیں.

Ans 1: گھروں میں بہت سا فاضل مواد یا کوڑاکرکٹ مختلف چیزوں کئے استعمال کے بعد اکٹھا ہوجاتا ہے. اس میں سبزیوں کے چھلکے،بچی ہوئی کھانے کی چیزیں، گردوغبار اور ردی کاغز، جھاڑو کے ذریعہ سے نکالا ہوا کوڑا کرکٹ ، درختوں اور پودوں کے گلے سڑے پتے، لکڑی اور کوئلوں کی راکھ مویشیوں کا گوبر سبھی کچھ شامل ہے.

Q6. گاڑیوں کے شور کے بارے میںمختصر لکھیں.

Ans 1: صوتی آلودگی میں گاڑیوں کا شور کلیدی حیثیت رکھتا ہے. یہ شور سفر کو کٹھن آمیز اور اعصاب شکن بنادیتا ہے. بسوں اور گاڑیوںکے بلا ضرورت ہارن کا شور اور ٹیپ ریکارڈ کا استعمال صوتی آلودگی میںمزید اضافہ کرتا ہے.

Q7. صوتی آلودگی کو کنٹرول کرنے کے لیے کیا بنانا ہوگا؟

Ans 1: صوتی آلودگی کے اسباب پر قابو پانا تاکہ کم ازکم شور پیدا ہوسکے مثلاً حکومتی اقدامات. شور کے ترسیلی راستے کو مشکل بنانا تاکہ شور کے منبع سے ہدف تک پہنچنے میں رکاوٹیں پیدا کی جاسکیں.مثلاً عوام الناس کے لیے آگاہی پروگرام.

Q8. پانی کی آلودگی کے اضافے سے کون سی بیماریوں میں اضافہ ہوا ہے؟

Ans 1: پانی کی آلودگی کے اس اضافے سے کئی موزی امراض میں اضافہ ہوا ہےجن میں پیٹ کے امراض پیچش اور ہیپاٹائٹس خاص طور پر قابل ذکر ہیں.

Q9. گھریلو سطح پر کون کون سے حادثات واقع ہوتے ہیں.

Ans 1: 1. پھسل کر گرنا 2.چیزوں سے ٹکرانے کی چوٹ 3.سوئی یا کیل کانٹے کا چبھنا 4.زینےسے ٹکرانا 5.بجلی کے حادثے موم بتی کا غلط استعمال وغیرہ گھریلو سطح پر حادثات کی وجہ ہیں.

Q10. صفائی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے کے لیے شہروں اور دیہاتوں میں صفائی کا خاص انتظام کرنا ضروری ہے. یہ عوام کا فرض ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ سڑک پر یا گھروں کے باہر رکھنے کی بجائے مخصوص جگہوں پر پھینکیں.